موضوعاتی کیلنڈر ۲۰۲۶ء

# رازِ دوامِ زندگی

پردۂ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

PharmEvo®
Our dream, a healthier society

# رازِ دَوامِ زندگی

## پردۂ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

تہذیبِ انسانی میں انسان کی طبعی، روحانی اور مادّی آرزوؤں، اُمنگوں اور جبلّتوں کا متنوع جہان اپنے پورے اسرار، تہ داری اور معنویت کے ساتھ بنتا اور بگڑتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ یہ متنوع جہان دراصل انسان کے اپنے خالق، اپنے گرد و پیش، اپنی کائنات، اپنے ہم نفسوں کے ساتھ ربط وضبط کی ارفع کہانی بیان کرتا ہے لہٰذا اب یہ انسان پر منحصر ہے کہ وہ اپنے افعال وطبائع کو کن اُصولوں پر اُستوار کرتا ہے، اُن اُصولوں پر جو اللہ ربّ العزّت سے قرب اور اس کی رحمتوں سے مخصوص ہیں یا اُن اُصولوں پر جو اللہ کے نزدیک شدید ناپسندیدہ ہیں۔ اُردو شاعری میں بھی ان اُصولوں اور موضوعات کو فکر انگیز انداز میں نمایاں طور پر بیان کیا گیا ہے۔ یہی وہ موضوعات ہیں جن میں پنہاں قدروں سے زندگی متوازن اور بامراد بنتی ہے، ایک مثالی معاشرہ وجود میں آتا ہے اور انسان کا مقصدِ حیات واضح ہوتا ہے۔

فارمیوو (پرائیوٹ) لمیٹڈ ایک دواساز ادارہ ہے جس کے تجارتی منشور میں ایک ایسے صحت مند معاشرے کا قیام شامل ہے جو انسانوں کو ایک مثبت مقصدِ حیات سے نہ صرف روشناس کرائے بلکہ اُنھیں اس مقصد کا تابع کر کے حقیقی اور ابدی زندگی سے بھی ہمکنار کر سکے۔

فارمیوو نے اس مثالی معاشرے کے حصول کے لیے اپنے ۲۰۲۶ء کے کیلنڈر ’’رازِ دَوامِ زندگی‘‘ میں اردو کے ۱۲ ایسے اشعار منتخب کیے ہیں جو مقصدیت سے بھرپور ہیں۔ کیلنڈر کی تحقیق وتدوین کا کام فارمیوو کی کارپوریٹ مارکیٹنگ ٹیم نے محقق اور شاعر خواجہ رضی حیدر کی نگرانی میں سرانجام دیا ہے، جس کے لیے ادارہ اُن کا شکر گزار ہے۔ یہاں میں فارمیوو (پرائیوٹ) لمیٹڈ کے گروپ چیئرمین محترم ابراہیم قاسم صاحب اور مینیجنگ ڈائریکٹر محترم ہارون قاسم صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جو ہمیشہ فارمیوو کی علمی اور ادبی سرگرمیوں کی فراخ دلانہ سرپرستی فرماتے ہیں۔ امید ہے کہ گزشتہ برسوں کی طرح اس برس بھی آپ ہماری کاوش کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھیں گے۔

اللہ تعالیٰ ہماری توفیقات میں مزید اضافہ فرمائے۔ آمین

خیر اندیش

سید جمشید احمد

چیف ایگزیکیٹو آفیسر

فارمیوو (پرائیوٹ) لمیٹڈ

PharmEvo®

Our dream, a healthier society

# رازِ دوامِ زندگی

پردۂ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

ہو جائے کیوں نہ دوزخ باغِ زمانہ ہم پر

ہم بے حقیقتوں کے کردار ایسے ہی تھے

میر تقی میر

## JANUARY 2026

رجب-شعبان ۱۴۴۷ھ

| M | T | W | T | F | S | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 ۱۱ | 2 ۱۲ | 3 ۱۳ | 4 ۱۴ |
| 5 ۱۵ | 6 ۱۶ | 7 ۱۷ | 8 ۱۸ | 9 ۱۹ | 10 ۲۰ | 11 ۲۱ |
| 12 ۲۲ | 13 ۲۳ | 14 ۲۴ | 15 ۲۵ | 16 ۲۶ | 17 ۲۷ | 18 ۲۸ |
| 19 ۲۹ | 20 ۳۰ | 21 ۱ | 22 ۲ | 23 ۳ | 24 ۴ | 25 ۵ |
| 26 ۶ | 27 ۷ | 28 ۸ | 29 ۹ | 30 ۱۰ | 31 ۱۱ | |

## کردار

میر تقی میر نے اس شعر میں کردار کی اہمیت اور افادیت کو ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر ناگفتہ بہ صورتِ حال کو کردار ہی مؤثر اور با مقصد بناتا ہے کیونکہ کردار انسان کی شخصیت اور اخلاقی قوت کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ کردار کی اصل حقیقت اس بات میں چھپی ہوتی ہے کہ انسان کس طرح اپنے اصولوں، اخلاقی ذمہ داریوں اور جذبات کو مجتمع کرتا ہے۔

PharmEvo®
Our dream, a healthier society

# رازِ دوامِ زندگی

پردۂ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

## رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
## مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

اسد اللہ خاں غالب

**FEBRUARY 2026** شعبان - رمضان ۱۴۴۷ھ

| M | T | W | T | F | S | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | 1 ۱۲ |
| 2 ۱۳ | 3 ۱۴ | 4 ۱۵ | 5 ۱۶ | 6 ۱۷ | 7 ۱۸ | 8 ۱۹ |
| 9 ۲۰ | 10 ۲۱ | 11 ۲۲ | 12 ۲۳ | 13 ۲۴ | 14 ۲۵ | 15 ۲۶ |
| 16 ۲۷ | 17 ۲۸ | 18 ۲۹ | 19 ۱ | 20 ۲ | 21 ۳ | 22 ۴ |
| 23 ۵ | 24 ۶ | 25 ۷ | 26 ۸ | 27 ۹ | 28 ۱۰ | |

## استقامت

غالب کے نزدیک استقامت کوئی عام وصف نہیں بلکہ ایک فلسفۂ زندگی ہے جو راستے کی حائل دشواریوں کو آسانیوں میں بدل دیتا ہے۔ یہ انسان کے اندر حوصلہ، عزم اور تسلسل پیدا کر کے اسے تھکنے، ہار ماننے اور پیچھے ہٹنے سے روکتا ہے۔ یہ ایک ایسا نظریہ ہے جو انسان کو اپنے مقصد تک پہنچنے کے لیے ثابت قدمی، بصیرت اور خود اعتمادی عطا کرتا ہے۔

PharmEvo®
Our dream, a healthier society

# رازِ دوامِ زندگی

پردۂ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

کرے جس قدر شُکرِ نعمت وہ کم ہے
مزے لُوٹتی ہے زباں کیسے کیسے

حیدر علی آتش

**MARCH 2026** رمضان-شوال ۱۴۴۷ھ

| M | T | W | T | F | S | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | 1 ۱۱ |
| 2 ۱۲ | 3 ۱۳ | 4 ۱۴ | 5 ۱۵ | 6 ۱۶ | 7 ۱۷ | 8 ۱۸ |
| 9 ۱۹ | 10 ۲۰ | 11 ۲۱ | 12 ۲۲ | 13 ۲۳ | 14 ۲۴ | 15 ۲۵ |
| 16 ۲۶ | 17 ۲۷ | 18 ۲۸ | 19 ۲۹ | 20 ۳۰ | 21 ۱ | 22 ۲ |
| 23 ۳ | 24 ۴ | 25 ۵ | 26 ۶ | 27 ۷ | 28 ۸ | 29 ۹ |
| 30 ۱۰ | 31 ۱۱ | | | | | |

## شُکر

مرزا حیدر علی آتش نے اس شعر میں شُکر کی افادیت کو بیان کیا ہے۔ شکر انسان کو اپنی زندگی میں اللہ کی نعمتوں کو پہچاننے کی ترغیب دیتا ہے۔ شکر سے مراد یہ ہے کہ انسان کو جو کچھ بھی اللہ کی طرف سے حاصل ہوا ہے، اس پر دل سے اطمینان اور خوشی کا اظہار کرے۔ یعنی دل میں احساسِ نعمت، زبان پر حمد و ثنا اور عمل میں اطاعت و بندگی موجود ہو۔

PharmEvo®
*Our dream, a healthier society*

# رازِ دوامِ زندگی

پردہ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

دل صاف ہو کس طرح کہ انصاف نہیں ہے
انصاف ہو کس طرح کہ دل صاف نہیں ہے

مرزا سلامت علی دبیر

## APRIL 2026

شوال-ذی القعدہ ۱۴۴۷ھ

| M | T | W | T | F | S | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 1 ۱۲ | 2 ۱۳ | 3 ۱۴ | 4 ۱۵ | 5 ۱۶ |
| 6 ۱۷ | 7 ۱۸ | 8 ۱۹ | 9 ۲۰ | 10 ۲۱ | 11 ۲۲ | 12 ۲۳ |
| 13 ۲۴ | 14 ۲۵ | 15 ۲۶ | 16 ۲۷ | 17 ۲۸ | 18 ۲۹ | 19 ۱ |
| 20 ۲ | 21 ۳ | 22 ۴ | 23 ۵ | 24 ۶ | 25 ۷ | 26 ۸ |
| 27 ۹ | 28 ۱۰ | 29 ۱۱ | 30 ۱۲ | | | |

## انصاف

کسی بھی فلاحی معاشرے کا تصور انصاف کے بغیر ممکن نہیں، اسی لیے انصاف کو ہر زمانے میں خاص اہمیت دی جاتی ہے۔ مرزا سلامت علی دبیر نے اپنے شعر کے ذریعے یہ پیغام دیا ہے کہ انصاف صرف عقل سے نہیں، بلکہ پاک دل اور خلوصِ نیت سے جنم لیتا ہے۔

PharmEvo®
Our dream, a healthier society

# رازِ دوامِ زندگی

پردۂ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

جتنے جگائے فتنۂ خوابیدہ حرص نے
سب آ کے میرے کُنجِ قناعت میں سو گئے

بہادر شاہ ظفر

**MAY 2026**

ذی القعدہ-ذی الحجّہ ۱۴۴۷ھ

| M | T | W | T | F | S | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 1 ۱۳ | 2 ۱۴ | 3 ۱۵ |
| 4 ۱۶ | 5 ۱۷ | 6 ۱۸ | 7 ۱۹ | 8 ۲۰ | 9 ۲۱ | 10 ۲۲ |
| 11 ۲۳ | 12 ۲۴ | 13 ۲۵ | 14 ۲۶ | 15 ۲۷ | 16 ۲۸ | 17 ۲۹ |
| 18 ۳۰ | 19 ۱ | 20 ۲ | 21 ۳ | 22 ۴ | 23 ۵ | 24 ۶ |
| 25 ۷ | 26 ۸ | 27 ۹ | 28 ۱۰ | 29 ۱۱ | 30 ۱۲ | 31 ۱۳ |

## قناعت

قناعت انسان کو حقیقی دولت عطا کرتی ہے، بشرطیکہ وہ میسر نعمتوں پر راضی رہ کر طمع اور خواہشات کی زیادتی سے بچا رہے۔ بہادر شاہ ظفر اس شعر میں قناعت کی قدر و منزلت کو نہایت خوبصورتی سے بیان کرتے ہیں کہ انسان کی حرص و خواہشات کبھی ختم نہیں ہوتیں، مگر جب دل قناعت اختیار کر لیتا ہے تو سکون و اطمینان خود بخود حاصل ہو جاتا ہے۔

PharmEvo®
Our dream, a healthier society

# رازِ دوامِ زندگی

پردۂ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

خنجر چلے کسی پہ تڑپتے ہیں ہم امیر
سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے

امیر مینائی

## JUNE 2026

ذی الحجہ-محرم ۱۴۴۷-۴۸ھ

| M | T | W | T | F | S | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 ۱۴ | 2 ۱۵ | 3 ۱۶ | 4 ۱۷ | 5 ۱۸ | 6 ۱۹ | 7 ۲۰ |
| 8 ۲۱ | 9 ۲۲ | 10 ۲۳ | 11 ۲۴ | 12 ۲۵ | 13 ۲۶ | 14 ۲۷ |
| 15 ۲۸ | 16 ۲۹ | 17 ۱ | 18 ۲ | 19 ۳ | 20 ۴ | 21 ۵ |
| 22 ۶ | 23 ۷ | 24 ۸ | 25 ۹ | 26 ۱۰ | 27 ۱۱ | 28 ۱۲ |
| 29 ۱۳ | 30 ۱۴ | | | | | |

## احساس

امیر مینائی نے اس شعر میں احساس کی ایک ارفع حالت کو واضح کیا ہے جو انسانیت کی اصل پہچان ہے۔ احساس وہ لطیف جذبہ ہے جو انسان کو دوسروں کے دکھ درد کے ساتھ ہم آہنگ کر دیتا ہے۔ یہ دل کی وہ خاموش صدا ہے جو لفظوں کے بغیر بھی سنائی دیتی ہے۔

PharmEvo®
Our dream, a healthier society

# رازِ دوامِ زندگی

پردۂ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

## جو عالمِ ایجاد میں ہے صاحبِ ایجاد
## ہر دور میں کرتا ہے طواف اُس کا زمانہ

علامہ محمد اقبال

**JULY 2026** — محرم-صفر ۱۴۴۸ھ

| M | T | W | T | F | S | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 1 ۱۵ | 2 ۱۶ | 3 ۱۷ | 4 ۱۸ | 5 ۱۹ |
| 6 ۲۰ | 7 ۲۱ | 8 ۲۲ | 9 ۲۳ | 10 ۲۴ | 11 ۲۵ | 12 ۲۶ |
| 13 ۲۷ | 14 ۲۸ | 15 ۲۹ | 16 ۱ | 17 ۲ | 18 ۳ | 19 ۴ |
| 20 ۵ | 21 ۶ | 22 ۷ | 23 ۸ | 24 ۹ | 25 ۱۰ | 26 ۱۱ |
| 27 ۱۲ | 28 ۱۳ | 29 ۱۴ | 30 ۱۵ | 31 ۱۶ | | |

## ایجاد

ایجاد انسانی ذہن کی وہ روشنی ہے جو نئے راستے، نئی سوچ اور نئی حقیقتوں کو جنم دیتی ہے۔ یہ محض کسی شے کو بنانے کا عمل نہیں بلکہ کائنات کے اسرار کو سمجھنے اور اُن میں چھپی ہوئی حکمت کو ظاہر کرنے کی جستجو ہے۔ علّامہ اقبال اس شعر میں اس حقیقت کو آشکار کرتے ہیں کہ ایجاد پر یقین رکھنے والا شخص وقت کی قید سے آزاد ہو کر ہر عہد میں روشنی پھیلاتا ہے۔

PharmEvo®
Our dream, a healthier society

# رازِ دوامِ زندگی

پردۂ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

حلقہ کیے بیٹھے رہو اِک شمع کو یارو
کچھ روشنی باقی تو ہے ہر چند کہ کم ہے

فیض احمد فیض

## AUGUST 2026

صفر - ربیع الاول ۱۴۴۸ھ

| M | T | W | T | F | S | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | 1 [۱۷] | 2 [۱۸] |
| 3 [۱۹] | 4 [۲۰] | 5 [۲۱] | 6 [۲۲] | 7 [۲۳] | 8 [۲۴] | 9 [۲۵] |
| 10 [۲۶] | 11 [۲۷] | 12 [۲۸] | 13 [۲۹] | 14 [۳۰] | 15 [۱] | 16 [۲] |
| 17 [۳] | 18 [۴] | 19 [۵] | 20 [۶] | 21 [۷] | 22 [۸] | 23 [۹] |
| 24 [۱۰] | 25 [۱۱] | 26 [۱۲] | 27 [۱۳] | 28 [۱۴] | 29 [۱۵] | 30 [۱۶] |
| 31 [۱۷] | | | | | | |

## اُمید

فیض احمد فیض کا یہ شعر جذبۂ اُمید کی نمائندگی کرتا ہے۔ اُمید انسان کو مشکل حالات میں بہتر مستقبل کی توقع رکھنے پر آمادہ کرتی ہے کیونکہ یہ وہ روشنی ہے جو اندھیرے میں بھی راستہ دکھاتی ہے اور یہ بتاتی ہے کہ آنے والا کل آج سے بہتر اور روشن ہوگا۔

PharmEvo®
Our dream, a healthier society

# رازِ دوامِ زندگی

پردۂ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

جو ہو سکے تو اس ایثار پر نگاہ کرو
ہماری آس جہاں کو تمہاری آس ہمیں

احمد ندیم قاسمی

**SEPTEMBER 2026** ربیع الاوّل - ربیع الثّانی ۱۴۴۸ھ

| M | T | W | T | F | S | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 [۱۸] | 2 [۱۹] | 3 [۲۰] | 4 [۲۱] | 5 [۲۲] | 6 [۲۳] |
| 7 [۲۴] | 8 [۲۵] | 9 [۲۶] | 10 [۲۷] | 11 [۲۸] | 12 [۲۹] | 13 [۱] |
| 14 [۲] | 15 [۳] | 16 [۴] | 17 [۵] | 18 [۶] | 19 [۷] | 20 [۸] |
| 21 [۹] | 22 [۱۰] | 23 [۱۱] | 24 [۱۲] | 25 [۱۳] | 26 [۱۴] | 27 [۱۵] |
| 28 [۱۶] | 29 [۱۷] | 30 [۱۸] | | | | |

## ایثار

احمد ندیم قاسمی کے اس شعر میں ایثار کو انسانیت کی اعلیٰ صفت کے طور پر پیش کیا گیا ہے کیونکہ یہ وہ جذبہ ہے جو انسان کو اپنی خواہشات سے بالاتر ہو کر دوسروں کے لیے جینے کا ہنر سکھاتا ہے۔ ایثار دراصل وہ روشنی ہے جو خودغرضی کے اندھیروں کو مٹا کر دلوں میں قربت، محبت اور بھلائی کے چراغ روشن کر دیتی ہے۔

PharmEvo®
Our dream, a healthier society

# رازِ دوامِ زندگی

پردۂ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

نامُرادانِ محبّت کو حقارت سے نہ دیکھ
یہ بڑے لوگ ہیں جینے کا ہُنر جانتے ہیں

سلیم احمد

## OCTOBER 2026

ربیع الثّانی - جمادی الاوّل ۱۴۴۸ھ

| M | T | W | T | F | S | S |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | | | 1 ۱۹ | 2 ۲۰ | 3 ۲۱ | 4 ۲۲ |
| 5 ۲۳ | 6 ۲۴ | 7 ۲۵ | 8 ۲۶ | 9 ۲۷ | 10 ۲۸ | 11 ۲۹ |
| 12 ۳۰ | 13 ۱ | 14 ۲ | 15 ۳ | 16 ۴ | 17 ۵ | 18 ۶ |
| 19 ۷ | 20 ۸ | 21 ۹ | 22 ۱۰ | 23 ۱۱ | 24 ۱۲ | 25 ۱۳ |
| 26 ۱۴ | 27 ۱۵ | 28 ۱۶ | 29 ۱۷ | 30 ۱۸ | 31 ۱۹ | |

## محبت

محبت صرف ایک احساس نہیں بلکہ وفا، خلوص، قربانی اور بے لوثی کا مجسم اظہار ہے۔ سلیم احمد نے اس شعر میں محبت کو انسان کی روحانی تربیت اور اخلاقی بلندی کا زینہ قرار دیا ہے۔ محبت وہ لطیف جذبہ ہے جو ناکامی کے باوجود انسان کے باطن کو نکھارتا ہے، اس کی سوچ میں گہرائی، احساس میں نرمی اور کردار میں وقار پیدا کر کے انسان کی بہتر خطوط پر تربیت میں معاون ثابت ہوتا ہے۔

PharmEvo®
Our dream, a healthier society

# رازِ دوامِ زندگی

## پردہ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

زندگی نام ہے اِک جُہدِ مُسلسل کا فنا
راہرو اور بھی تھک جاتا ہے آرام کے بعد

فنا نظامی

**NOVEMBER 2026** جمادی الاوّل-جمادی الثّانی ۱۴۴۸ھ

| M | T | W | T | F | S | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | 1 ۲۰ |
| 2 ۲۱ | 3 ۲۲ | 4 ۲۳ | 5 ۲۴ | 6 ۲۵ | 7 ۲۶ | 8 ۲۷ |
| 9 ۲۸ | 10 ۲۹ | 11 ۳۰ | 12 ۱ | 13 ۲ | 14 ۳ | 15 ۴ |
| 16 ۵ | 17 ۶ | 18 ۷ | 19 ۸ | 20 ۹ | 21 ۱۰ | 22 ۱۱ |
| 23 ۱۲ | 24 ۱۳ | 25 ۱۴ | 26 ۱۵ | 27 ۱۶ | 28 ۱۷ | 29 ۱۸ |
| 30 ۱۹ | | | | | | |

## جُہدِ مسلسل

فنا نظامی کے اس شعر میں زندگی کے مفہوم کو جُہدِ مسلسل کے تصور سے تشبیہ دی گئی ہے کیونکہ کامیابی کا راز جُہدِ مسلسل میں پوشیدہ ہے۔ یہی وہ صفت ہے جو انسان کو مصائب کے باوجود سنبھلنے کا حوصلہ فراہم کرتی ہے۔ جُہدِ مسلسل کے بغیر، ارادے محض ارادے رہ جاتے ہیں۔

PharmEvo®
Our dream, a healthier society

# رازِ دوامِ زندگی

پردۂ شعر میں روشن ہوئی قندیلِ حیات

اذیتوں میں بھی بخشی مجھے وہ نعمتِ صبر
کہ میرے دل میں گرہ ہے نہ میرے ماتھے پہ بل

احمد فراز

## DECEMBER 2026

جمادی الثّانی – رجب ۱۴۴۸ھ

| M | T | W | T | F | S | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 ۲۰ | 2 ۲۱ | 3 ۲۲ | 4 ۲۳ | 5 ۲۴ | 6 ۲۵ |
| 7 ۲۶ | 8 ۲۷ | 9 ۲۸ | 10 ۲۹ | 11 ۱ | 12 ۲ | 13 ۳ |
| 14 ۴ | 15 ۵ | 16 ۶ | 17 ۷ | 18 ۸ | 19 ۹ | 20 ۱۰ |
| 21 ۱۱ | 22 ۱۲ | 23 ۱۳ | 24 ۱۴ | 25 ۱۵ | 26 ۱۶ | 27 ۱۷ |
| 28 ۱۸ | 29 ۱۹ | 30 ۲۰ | 31 ۲۱ | | | |

## صبر

احمد فراز کے اس شعر میں صبر کو انسان کے کردار کی بنیاد اور روح کی پختگی قرار دیا گیا ہے۔ صبر محض برداشت نہیں، بلکہ شعور، ایمان اور وقار کا وہ حسین امتزاج ہے جو انسان کو ہر آزمائش میں ثابت قدم، منظّم اور پُریقین رکھتا ہے۔ یہ صبر ہی ہے جو انسان کو شکست کے اندھیروں سے نکال کر کامیابی اور روشنی کی راہ دکھاتا ہے۔

PharmEvo®
Our dream, a healthier society

# WHO PRE-QUALIFIED* MANUFACTURING FACILITY AND LEADING PRODUCTS

X-PLENDED® (Rosuvastatin)
ANPLAG® (TICAGRELOR)
Inosita® Plus (SITAGLIPTIN + METFORMIN)
Erlina® XR Plus
KalSob® (Calcium, Vitamin D3 & Vitamin K2)
NISE® (Nimesulide)
Opt-D (Cholecalciferol Vitamin D3)
ONITA® (Strontium Ranelate)
GOURIC® (Febuxostat)
BUSONIDE® (BUDESONIDE+FORMOTEROL FUMARATE DIHYDRATE)
Aireez®
ORSLIM (Orlistat)
EVOCHECK™
VANZAK® (Vonoprazan Tablets)
RITUXIM® (Rituximab)
Ferfer (Fast Acting Iron)
IPRAZYME® (Ipratropium Bromide)
AVSAR® (Valsartan+Amlodipine)
X-PLENDED® EZ (Rosuvastatin+Ezetimibe)
FASTESO® (Esomeprazole)
Adfolic® (Quatrefolic®)
Erli® (EMPAGLIFLOZIN)
K-1000® PLUS (Elemental Calcium, Vitamin D3, Vitamin K2, Vitamin C)
Duzalta®
EvoKaLM® (Quetiapine fumarate)
Estar® (Escitalopram)
Xilica® (PREGABALIN)
IPRAZYME-S® (Ipratropium Bromide + Salbutamol)
Inosita Plus XR (SITAGLIPTIN + METFORMIN HCL Extended Release)
Lowplat Plus (Clopidogrel & Aspirin)
ByVas (Nebivolol)
EGLARO®-S (Ertugliflozin + Sitagliptin)
XCEPT® (Rivaroxaban Tablets)
Stevo (Stevia leaf extract)
EVOCHECK® Premium LinX CGM
Momist® (Mometasone Nasal Spray)
TRASZEPTIN® (Trastuzumab)
Erlina® (EMPAGLIFLOZIN+LINAGLIPTIN)



PharmEvo®
*Our dream, a healthier society*

*For zinc sulphate tablet & syrup.



**PharmEvo (Pvt.) Ltd.**
402-Business Avenue, Block 6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal,
Karachi-75400, Pakistan. Tel: (92-21)34315195-7
E-mail: mail@pharmevo.biz, Website: www.pharmevo.biz